In this hallowed bit of real estate there are no mangy dogs grubbing for tid-bits among heaps of offal. There is no congregation of vultures, perched on trees, patiently waiting for the next helping of dead cow; no caucus of crows savouring creamy entrails of dogs crushed by brazen chariots no sprightly sparrows chirping around pancakes of cow dung or rolls of horse shit. There are no stagnant pools with a flavouring of excreta and a peppering of green scum. There are no open drains oozing dark-grey corruption. The trees do not suffer from eczema nor the shrubs from scurvy. The pavements are not appropriated by vendors of cancerous fruit, or barbers scrapping mouldy hair from faded arm pits, or medicine men selling fertility pills, or jugglers doubling your money, or leprous beggars granting heaven.

The pedestrians are not hounded by howling trucks or snared by gaping man holes or snarled by a variety of fruit skins. There is no bus stand or any other kind of unwanted erection; no chaos of tongas, bullock carts, hand carts, cycles or a dazed hujanity.

In Gujranwala there is room for everything; dead dogs, stagnant pools, leprous beggars. But the citizens still laugh, because there is lots of love in Gujranwala. □

All-out Efforts To Meet Nation's Oil Needs

ISLAMABAD — Firm arrangements have been made by the Federal Ministry of Petroleum and National Resources for the supply of crude oil and other petroleum products to meet the projected demand of the country for the year 1979, it was officially announced recently.

These arrangements are working satisfactorily and sufficient quantities of all the petroleum products are available in the country both at Keamari installation as well as in the upcountry depots for meeting the daily requirements of the people. □

Tribal Jirga Refutes Kabul Charges

From Peshawar Bureau

A big jirga of the Khyber Agency elders led by Malik Jafar Khan Shinwari, reaffirmed the tribesmen's pledge to spare no sacrifice for the sake of Pakistan's integrity and solidarity.

Addressing a Press conference at the Press Club there today, the jirga described at totally wrong and mischievous the Kabul Radio and Press reports and any pro-Tarakki demonstration was recently held in Landi Kotal. Such baseless stories, the jirga said, could not befool the people on either side, as the patriotism of the Pakistan tribesmen was beyond any doubt and it had been amply demonstrated during the Pakistan movement and the Kashmir war. The jirga suggested that unstead of levelling unfounded charges against Pakistan, the Afghan junta should try to put its own house in order. □

INTRODUCE CRESCENT TO A FRIEND

Tongas ------------ No!
Rickshaws ------------ No!
DRIVE
Your Own Car!
Learn to drive DEFENSIVELY from the In-Car teacher
Certified by:-
— ONTARIO MINISTRY OF TRANSPORTATION
— CANADIAN SAFETY COUNCIL
— ONTARIO SAFETY LEAGUE
EXTENSIVE CANADIAN EXPERIENCE
Reasonable rates. Call:
Tel: 266-8098
A NATIONAL DRIVING SCHOOL
[Lessons also in Urdu]

Classified

FOR SALE

Glengrove & Bathurst, Ultra modern home, choice location - 4 bedrooms, finished recreation room, 3 washrooms, central air condition - reasonable.
Call 783-0749

MATRIMONIAL

Muslim Sunni, age 30, executive, working in U.S.A. invites Matrimonial correspondence from Muslimah. Please Write to:

Mohammad P.O. Box-130
270-Quaker Road
N.Y. 14052 U.S.A.

BUSINESS FOR SALE

Meat and Grocery Store specializing in Halal & Kosher meats, Ottawa area. Contact:

Dough Henderson
Royal Trust Corporation
Of Canada [Broker]
PHONE: 1-613-563-1225

ISLAMIC BOOKS AND THINGS
KAZI PUBLICATIONS INC.,
1529 N Wells St. Chicago Ill 60610
Phone: 312 - 6421291
Catalog Free, Call or write today.

بلدیاتی انتخابات پر جماعت کا موقف وہی ہے جو قومی اتحاد کا ہے

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورتِ رشتہ

پاکستانی مسلمان لڑکی عمر ۲۱ سال، خوبصورت، کینیڈین سیٹیزن، کمیونٹی کالج کی گریجویٹ، ماڈرن، روشن خیال کے لیے مسلمان پروفیشنل جو روشن خیال اور ماڈرن ہو، سے رشتہ درکار ہے۔ جلد خط و کتابت پتہ ذیل پر کیجیے:

M. HUSSAIN
P. O. BOX 5, STN. 'A'
MISSISSAUGA, ONT.
L5A 2Y9

اعلیٰ تعلیم یافتہ، پاکستانی مسلمان انجینئر، امیگرنٹ، عمر ۳۶ سال کے لیے مناسب رشتہ درکار ہے۔ لڑکی کا تعلیم یافتہ ہونے کے ساتھ ساتھ اسلامی اقدار میں اعتماد بھی ہونا چاہیے۔ پہلے ہی خط میں ضروری تفصیلات سے مطلع کریں:

AHMAD
C/O CRESCENT

(مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف پانچ ڈالر ہے جس کی پیشگی ادائی ضروری ہے)

We've taken a new look at Ontario's Planning Act.



زمین — انٹاریو میں ایک ملین سکوائر کیلو میٹر سے زیادہ زمین موجود ہے۔ یہ ہم سب کے لیے اہم ہے کہ اس رقبہ کے ہر کیلو میٹر کا بہتر سے بہتر استعمال کیا جائے، اب بھی اور آئندہ بھی۔

اس لیے انٹاریو میں پلاننگ ایکٹ رائج ہے۔ یہ ایک قانونی لائحہ عمل ہے جس کے ذریعہ یہ طے ہوتا ہے کہ زمین کو کیسے استعمال میں لایا جائے اور اس پر کس طرز کے تعمیراتی کام کیے جائیں۔

موجودہ قانون کے تحت جو بلدیاتی ادارے زمین کے استعمال کے متعلق ذیلی قانون پاس کرنا چاہتے ہیں وہ صوبائی منظوری حاصل کرنے کے لیے انٹاریو میونسپل بورڈ سے رجوع کرتے ہیں۔

پھر بھی پچھلے چند سالوں میں میونسپل پلاننگ کے متعلق صوبائی حکومت کا کردار بدلتا رہا ہے۔ ۱۹۷۵ء کی قائم شدہ ایک کمیٹی نے پلاننگ ایکٹ کا گہرا جائزہ لیا تاکہ یہ معلوم ہو کہ اسے میونسپلٹی کی بدلتی ہوئی ضروریات کے موافق کیسے بنایا جائے اور اس کے طریقِ کار کو زیادہ سے زیادہ کار آمد بنانے کے لیے کیا اقدام کیے جا سکتے ہیں۔

پلاننگ ایکٹ ریویو کمیٹی کی رپورٹ پر ردِّ عمل معلوم کرنے کے بعد اب حکومت نے وائٹ پیپر شائع کیا ہے تاکہ قانون پر نظرِ ثانی کرنے میں اپنے موقف کی وضاحت کر سکے۔

اس سلسلے کی اہم تجاویز یہ ہیں:

- ☐ مقامی پلاننگ کے کاموں کے سلسلے میں صوبہ اپنے موجودہ طرزِ کار یعنی نگرانی اور منظوری کی بہ نسبت مشورہ اور امداد پر زیادہ زور دے گا۔
- ☐ جہاں کہیں مناسب ہو میونسپلٹی کو پلاننگ کے بارے میں فیصلے کرنے کا اختیار دیا جائے گا۔ اس کا اطلاق اُن بلدیاتی اداروں پر ہوتا ہے جن کے پاس ایسے ذرائع اور صلاحیتیں ہوں کہ وہ پلاننگ کی اضافہ ذمہ داری کو سنبھال سکیں۔
- ☐ پلاننگ کے عمل میں پبلک کی رسائی زیادہ بہتر طریقہ پر ہوگی۔ بلدیاتی اداروں کو پبلک کو مطلع کرنے کے طریقہ کار میں اضافہ کرنا ہوگا۔ تاکہ وہ لوگ باخبر رہیں جو پلاننگ کے فیصلوں سے متاثر ہوں گے۔
- ☐ کام میں تیزی کی خاطر انٹاریو کا میونسپل بورڈ محض ایک اپیل کنندہ کا کردار ادا کرے گا۔

وائٹ پیپر کی کاپیاں، بلدیاتی اداروں، پلاننگ بورڈز، اور دوسرے دلچسپی رکھنے والوں کے لیے مہیا کی گئی ہیں۔ اگر آپ کو دلچسپی ہو تو اس پتہ پر رابطہ قائم کیجیے:

the Ministry of Housing,
Communications Branch,
56 Wellesley St., W.,
Toronto, Ontario M7A 2K4.

Ontario

Claude Bennett,
Minister of Housing

William Davis,
Premier

خواتین کے لیے اردو میں جماعتِ تفسیر القرآن

جامع مسجد نور ٹورانٹو میں خواتین کے لیے اردو میں تفسیر القرآن کی جماعت کا انتظام کیا گیا ہے۔ یہ جماعت ہر اتوار کو بعد نماز ظہر دو سے تین بجے تک اکٹھا ہوگی۔

خواتین سے التماس ہے کہ شرکت کر کے استفادہ حاصل کریں نیز اس کام میں ذاتی طور پر حصہ لیکر دوسری خواتین کو مستفید کریں۔

محفلِ شعر و سخن

(اشعار بہ اعتبارِ عنوان)

احسان

[illegible]

ایک نظم

[illegible]

— شائستہ حبیب

غزل

رحمان خاور

کیا کیا گمان تھے مجھے اپنی اُڑان پر
بازو جو شل ہوئے تو گرا ہوں چٹان پر

خودداریوں سے کون یہ پوچھے کہ آج تک
کتنے عذاب ہم نے سہے اپنی جان پر

اب کے نہ جانے رُت کو نظر کس کی کھا گئی
اک بار بھی پڑی نہ دھنک آسمان پر

کشتی میں سو گئے جو انھیں یہ خبر کہاں
کتنا ہے آج زور ہوا بادبان پر

خوش فہمیوں کے عہد سے پہلے جو تھی کبھی
وہ برتری کہاں ہے یقیں کو گمان پر

اک بیکراں خلا ہے نگاہوں میں ہر طرف
یعنی زمین پر ہیں نہ ہم آسمان پر

خاورؔ بھی زندگی سے نبرد آزما ہوا
کیا شخص تھا جو کھیل گیا اپنی جان پر

طنز و مزاح

چٹکیاں

اقبال یونس خان (فورٹ ورتھ)

مسلمانوں کا پہلا قبلہ یروشلم تھا۔ صرف اس لحاظ سے اس مقدس شہر کی اہمیت واضح ہو جاتی ہے۔

یارموک کی جنگ میں جو ۶۳۶ء میں چھڑی تھی، مسلمانوں نے رومیوں کو شکست دے کر یروشلم پر قبضہ کر لیا۔

۶۳۹ء میں حضرت عمر ابن الخطاب اس شہر میں داخل ہوئے اور ایک سادہ سی لکڑی کی مسجد اس جگہ قائم کی جہاں پر آج مسجد اقصیٰ واقع ہے۔

مختلف خلفاؤں نے مسجد کا گنبد بنوایا۔ ۱۰۹۹ء میں یروشلم عیسائیوں کے قبضہ میں آ گیا اور انھوں نے مسجد کو گرجا میں تبدیل کر دیا۔ مسجد کے کچھ حصہ میں ملٹری چھاؤنی بنا دی گئی اور سپاہیوں کے گھوڑے باندھے جانے لگے۔

۱۱۸۷ء میں صلاح الدین ایوبی نے یروشلم کو عیسائیوں کے قبضے سے آزاد کرایا اور مسجد کو شایانِ شان تعمیر کروایا گیا۔

۱۹۰۱ء میں ZIONISTS نے سلطان عبدالحمید ثانی پر بڑا دباؤ ڈالا کہ فلسطین ان کے ہاتھوں فروخت کر کے یہودیوں کو اپنی بستیاں بسانے دیں مگر سلطان نے اپنا تخت گنوا دیا پر فلسطین نہ بیچا۔

[illegible]

الو کا دن ہوگا!

یروشلم پر یہودی قبضے کے بعد سات "مسلمان" لیڈران نے قسم کھائی کہ جب تک وہ اس مقدس شہر کو آزاد نہ کروالیں گے داڑھیاں نہیں منڈوائیں گے۔ ان تمام "مسلمان" لیڈروں میں سے صرف ایک نے نازک وقت آنے پر شیو کرنے کی خواہش ظاہر کی تھی۔ لیکن اس کی وجہ یہ نہیں تھی کہ خدا نخواستہ بیت المقدس کو آزاد کروانے کے ارادے سے پیچھے ہٹ گئے ہوں۔ جی نہیں! اس کی دو وجوہات تھیں۔ ایک تو اس عظیم ہستی کی بذلہ سنجی اور دوسرے آسمانی دنیا میں ان حضرات کی مدد جن کے ہاتھ میں روحوں کے قبضے کا انتظام رہتا ہے۔ سارے ہی فوٹو کلین شیو میں اب اگر اتنا لمبا داڑھا لیکر پہنچ جاتے تو وہاں غلط فہمی کی گنجائش رہ جاتی! زندہ جاوید "مسلمان" لیڈران میں داڑھی ہڑتال کی وجہ سے ہر لیڈر کا چہرہ بدل گیا اور اب یہ سمجھنا مشکل ہو گیا کہ عاشق کون ہے اور معشوق کون! عالم اسلام کے مسلمانوں نے اپنے لیڈران کی جو یہ حالت دیکھی تو انھوں نے قسم کھائی کہ ہم بھی داڑھیاں نہیں بنائیں گے اور نہ ہی حلوے کھائیں گے۔ مسلمان غیر مسلموں سے زیادہ [illegible]

[illegible]

نے وعدہ کیا تھا کہ اگر وہ الیکشن میں کامیاب ہو گئے تو کینیڈین سفارتخانے کو تل ابیب سے ہٹا کر یروشلم لے آئیں گے۔ الیکشن میں جب کلارک کامیاب ہو گئے تو ساری دنیا کے مسلمانوں میں تشویش پیدا ہو گئی۔ سعودی خاندان کے تمام افراد نے کھلم کھلا دھمکی دی کہ اگر کینیڈین سفارتخانے کو یروشلم لایا جاتا ہے تو نہ صرف کینیڈا بلکہ ساری مغربی دنیا کو اس کی قیمت ادا کرنی پڑے گی۔ کیونکہ سعودی خاندان کا کوئی ایک فرد بھی مغرب کے کسی ملک میں جوا کھیلنا چھوڑ دیگا۔ اور اس سے مغرب کی معاشی حالت پر اگر برے اثرات نمودار ہوں گے تو پھر ان پر اس کی ذمہ داری عائد نہ کی جائے۔ [illegible]

[illegible]

کلارک کے بیان کے بعد [illegible]

[illegible]

اگر کینیڈین سفارتخانہ یروشلم لے جایا جاتا ہے تو اس سے مسلمانوں کو نہیں گھبرانا چاہیے۔ [illegible]

[illegible]

کینیڈا کے عام انتخابات سے پہلے کنزرویٹیو پارٹی کے لیڈر جو کلارک نے

پاکستان میں زرعی زمین برائے فروخت

تحصیل لیہ، ضلع مظفر گڑھ، ملتان ڈویژن میں ۷۵ ایکڑ غیر آباد زرعی اراضی برائے فروخت موجود ہے۔ قیمت ۲½ ہزار روپے فی ایکڑ۔ یہ زمین کو آپریٹیو بنیاد پر آباد کی جا سکتی ہے۔ جس پر اندازاً ۱½ ہزار روپے فی ایکڑ خرچ اُٹھتا ہے۔ بڑھتی ہوئی آبادی کے پیش نظر زرعی زمین سب سے اچھی سرمایہ کاری ہے۔ لیہ میں آباد زمین کی اوسط قیمت چھ ہزار روپے فی ایکڑ ہے۔ اشتہار دہندہ کی وہاں اور بھی زمین موجود ہے اور وہ کوآپریٹیو بنیاد پر زمین آباد کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ کم از کم خریداری دس ایکڑ۔ قیمتیں وہاں تیزی سے بڑھ رہی ہیں۔ مندرجہ بالا قیمت کی میعاد تین ماہ ہے۔ پتہ ذیل پر مراسلت کیجیے!

M. A. M. C/O CRESCENT



بچوں کی بری عادتیں

اے ایم کاشمیری

دو تین سے پانچ سال تک بچوں کی کچھ حرکتیں اور عادتیں ایسی ہوتی ہیں کہ ان کو سمجھے بغیر ان کی صحیح تربیت ممکن نہیں۔ اس عمر کے بچوں کی عادتیں اگر ہمدردی اور سمجھداری سے درست نہ کی جائیں تو آگے چل کر بچوں کے بگڑ جانے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ ان کی شخصیت میں پیچیدگیاں پیدا ہو جاتی ہیں

بچوں میں بری عادتیں پڑنے کی سب سے بڑی وجہ ان کی خاص نوعیت اور ضروریات کے بارے میں ہماری بے خبری اور لاپرواہی اور بڑوں کے ساتھ تعلق ہوتا ہے۔ بچے کی قابلیت اور اس کی عادتوں کا آپس میں گہرا تعلق ہے، اگر ہم کسی بچے کو اس کی قابلیت اور اہمیت سے زیادہ کام کرنے پر مجبور کریں تو وہ اس گھوڑے کی طرح جس کو پے درپے چابک لگائی تو گھوڑا دیر کے لئے تیزی سے دوڑتا ہے مگر بعد میں تھک کر گر جاتا ہے۔ بچہ اپنی تمام قوتوں کو جمع کر کے تھوڑے عرصے کے لئے ہماری امیدوں کے مطابق نتائج پیش کرے گا۔ مگر جلد ہی وہ اس طرح زبردستی کی دوڑ سے تھک کر ہمت ہار دے گا اور اس سے اسکی عادتوں پر گہرا اثر پڑے گا۔

اسی طرح اکثر والدین بچوں کی انفرادیت پر دھیان نہیں دیتے اور بچوں کو کسی لائق کسی سے ملانے کی کوشش کرتے رہتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جو بچے زیادہ عقلمند اور ہوشیار ہوتے ہیں وہ آگے نکل جاتے ہیں اور کم عقل اور کمزور بچے پیچھے رہ جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ اکثر گھروں میں کالے رنگ کے بچے کو "کلو" اور چالاک بچے کو "بدمعاش" اور سست بچے کو "بدھو" کہتے ہیں۔ اسی طرح لڑکے اور لڑکی کے درمیان سلوک میں اکثر فرق رکھا جاتا ہے۔ ان باتوں کا بچے کے دل پر بہت گہرا اثر پڑتا ہے اور ان میں حسد بغض اور کینے کے جذبات پیدا ہوتے ہیں "بدھو" واقعی بدھو ہو جاتا ہے، "بدمعاش" بدمعاشی میں فخر محسوس کرتا ہے "کلو" گورے رنگ والے بچے سے حسد کرنے لگتا ہے۔ لڑکی خود کو لڑکے سے کمتر سمجھنے لگتی ہے، غرض یہ کہ ایسے بچوں میں وہ خلوص جو ایک اچھے انسان میں ہونا چاہیئے پیدا نہیں ہوتا۔

بری عادتوں سے بچانے کے لئے سب سے پہلے تو والدین اور بڑے بہن بھائی خود اچھی باتوں پر عمل کر کے بچوں کے لئے عملی نمونہ پیش کریں، تو بچے خود بخود ان کی تقلید کریں گے، بچہ جو کچھ بھی سیکھتا ہے دوسروں کو دیکھ کر سیکھتا ہے۔ اگر گھر والے اچھی باتوں پر عمل کریں گے تو وہ بھی ویسا ہی کرے گا۔ دوسری بات یہ ہے کہ بچے کی بری عادتوں کا کسی دوسرے سے ذکر نہ کریں اور اس کو کبھی بے عزت کرنے کی کوشش نہ کریں۔ بچے میں اپنا پن کا احساس بہت تیز ہوتا ہے۔ اپنی بے عزتی پر وہ چڑ جاتا ہے اور جان بوجھ کر بُرے کام کرنے لگتا ہے۔ آیئے اب ہم بچوں کی چند بری عادتوں کا جائزہ لیں کہ ان کو بچے کس طرح سیکھتے ہیں اور ان کا کیا علاج ہے۔

بعض بچے ذرا ذرا سی بات پر غصہ ہو جاتے ہیں۔ خوب ہاتھ پیر مارتے ہیں۔ چیختے چلاتے ہیں۔ جو سامنے آئے اس سے لڑنے لگتے ہیں۔ کوئی ذرا سی بات ہوئی اور انھوں نے ایک طوفان برپا کر دیا۔ اور چلا چلا کر آسمان سر پر اٹھا لیا۔ اکثر اوقات بچے سزا سے بچنے کے لئے ایسا بھی کرتے ہیں۔

عموماً بچے میں یہ عادت بے جا لاڈ پیار سے پیدا ہوتی ہے۔ اس طرح جب کوئی بات اس کی مرضی کے خلاف ہوتی ہے تو وہ اپنی بات منوانے کے لئے اس طرح کا مظاہرہ کرتا ہے، اور جب وہ اس طرح اپنی بات منوانے میں کامیاب ہو جاتا ہے تو دوسری بار اس سے بھی زیادہ غصہ کا اظہار کرتا ہے اور ماں باپ کی گھبراہٹ اور پریشانی سے اس کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے، زیادہ تر کمزور بچوں میں غصہ کرنے کی عادت ہوتی ہے۔

بچہ اگر کمزور ہے تو اس کی صحت کی طرف توجہ دینا چاہیئے اور جس وقت بچہ غصہ کرے تو والدین اور بڑے بہن بھائی صبر و تحمل سے کام لیں۔ عام طور پر والدین بچے کو ایسی حالت میں دیکھ کر مشتعل ہو جاتے ہیں اور مار پیٹ کرنے لگتے ہیں۔ لیکن یہ بات یاد رکھنی چاہیئے کہ اس وقت مارنے پیٹنے سے کوئی فائدہ نہ ہوگا اور نہ ہی نصیحت کرنے سے کام چلے گا۔ بلکہ اس کا غصہ اور بھی تیز ہو جائے گا۔ بچہ خواہ کتنا شور مچائے اس کے سامنے اپنے ارادے کی کمزوری نہ دکھائی اور نہ ہی کسی تیسرے شخص کو اس کے معاملے میں دخل اندازی کی اجازت دی جائے، تھوڑی دیر رو دھو کر بچہ خود ہی چپ ہو جائے گا کہ اس کی تدبیر کارگر ثابت نہیں ہوئی، اور وہ جلد ہی دوسروں کی خواہشات کا احترام کرنے لگے گا، لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ والدین اس کی جائز ضروریات اور خواہشات کو پورا کریں۔

جن بچوں کی تربیت ٹھیک ہوتی ہے، اور وہ تندرست ہوتے ہیں۔ ان کے دل میں بلاوجہ ڈر پیدا نہیں ہوتا۔ اور وہ جلدی اصل خطرات سے واقف ہو جاتے ہیں، بچہ تو دوسروں کی دیکھا دیکھی سیکھتا ہے یا پھر ماں باپ اپنی بات منوانے کے لئے یا اس کی حرکت سے بیزار ہو کر اس کو مختلف چیزوں سے ڈرانے لگتے ہیں۔ اکثر والدین بچوں کو کہتے ہیں کہ "ہوا آ جائے گا" "وہاں نہ جاؤ" "جن آ جائے گا" "بھوت آ جائے گا" "یا باؤ لے جائے گا" وغیرہ وغیرہ اسی طرح اس کے دل میں ایک بیجا تصور قائم ہو جاتا ہے اور بچہ ہر وقت ڈرا ڈرا رہنے لگتا ہے، اسی وجہ سے بہت سے بچے اندھیرے میں جانے سے بھی ڈرتے ہیں۔

علاج: سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ اگر گھر میں کوئی شخص ڈرپوک ہے تو بچے کو اس کے نزدیک نہ رہنے دیا جائے، دوسری بات یہ کہ بچے کے دل میں کسی قسم کا ڈر پیدا نہ کیا جائے، اگر بچہ کوئی غلطی کرتا ہے تو اس کو اس کام کے نقصان سے آگاہ کیا جائے تیسری بات یہ ہے کہ بچہ جس چیز سے خوف کھاتا ہو اس کو بچے کے سامنے نہ لایا جائے۔ بچے کے دل میں ہمت پیدا کی جائے، بچے کو اندھیرے میں جانے کے لئے مجبور نہ کیا جائے۔ ڈراؤنی چیزیں آہستہ آہستہ اس کے قریب لائی جائیں۔ اگر بچے کی اس عادت پر صحیح طور سے توجہ دی جائے تو چند ہی دنوں میں دور ہو جائے گا۔

عائشہ بھٹی۔ عمر سوا سال

Canada Post / Postes Canada

ڈاک کی شرح نہیں بڑھی۔۔ لیکن پیمائش اوزان بدل گیا ہے۔

The weight steps are new... basic rates are the same.

یکم جولائی ۱۹۷۹ء سے محکمۂ ڈاک میٹرک نظام پیمائش اختیار کر لے گا۔

کینیڈا اور امریکہ
خطوط ۳۰ گرام وزن تک: ۱۷ سینٹ
مطبوعہ پرچے اور تہنیت کے کارڈ
۵۰ گرام وزن تک: ۱۵ سینٹ
دوسرے ممالک کے لیئے
ایروگرام اور خطوط
۲۰ گرام وزن تک: ۳۵ سینٹ

مزید معلومات حاصل کرنے کے لیئے اپنے قریبی پوسٹ آفس سے رجوع فرمائیے۔



Canada

ہفت روزہ
کریسنٹ انٹرنیشنل
ٹورونٹو کینیڈا

أَلَآ إِنَّ أَوْلِيَآءَ ٱللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝
سن لو کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ خوف ہوگا نہ غم ہوگا۔ (القرآن)

ایک عدالتی فیصلہ — دو مختلف طرزِ عمل کیوں؟

ایک چھوٹی سی خبر ہے کہ نواب محمد احمد خان کے قتل کے مجرم اور ایف ایس ایف کے سابق ڈائریکٹر آپریشن میاں عباس خارش میں مبتلا ہو گئے ہیں وہ آج کل ڈسٹرکٹ جیل راولپنڈی میں قید ہیں اور ابھی تک ان کی رحم کی درخواست کا فیصلہ نہیں ہوا ہے۔

اس چھوٹی سی خبر نے اس مقدمے میں سزا پانے والے چار مجرموں کے بارے میں حکومت کے پراسرار اور ناقابل فہم رویئے کے بارے میں سوالات ذہنوں میں تازہ کر دیئے۔ نواب محمد احمد خان کے مقدمۂ قتل میں پانچ مجرموں کو سزائے موت ہوئی تھی۔ جن میں سے تین کے بارے میں پنجاب ہائی کورٹ کے پانچوں اور سپریم کورٹ کے ساتوں ججوں نے بیک رائے فیصلہ دیا تھا کہ وہ اپنے جرم کے اعتبار سے بلاتر دد قابل گردن زدنی ہیں۔ باقی دو مجرموں ذوالفقار علی بھٹو اور میاں عباس کے بارے میں سزائے موت پنجاب ہائی کورٹ کی سطح پر اگرچہ متفقہ طور پر ہوئی تھی۔ لیکن سپریم کورٹ کے فیصلے میں تین فاضل ججوں نے ان دونوں کے لئے سزائے موت سے اختلاف کیا تھا۔ تاہم چار ججوں کی اکثریتی رائے کے سبب ہائی کورٹ کی طرف سے دی جانے والی سزائے موت ان دونوں مجرموں کے لئے بھی بحال رہی اور یوں پانچوں مجرموں کے لئے سزائے موت کا فیصلہ پاکستان کی دو اعلیٰ عدالتوں کا فیصلہ تھا۔

عدالتی عمل کی تکمیل کے بعد یہ معاملہ رحم طلبی کی درخواستوں پر غور کیلئے صدر مملکت کے سامنے پیش ہوا۔ انہوں نے پانچ میں سے ایک مجرم کے بارے میں اپنا فیصلہ بلا تاخیر کر کے عدالتی سزا کی تکمیل کر دی۔ باقی چار کہ جن میں تین وہ مجرم بھی ہیں کہ جن کے لئے سزائے موت کے سلسلے میں کسی بھی عدالت میں اختلاف نہیں تھا بلکہ مکمل اتفاق رائے تھا ہنوز زندہ ہیں اور اس صورت حال نے عدالت کے کیے ہوئے انصاف کو مجہول بنا کر رکھ دیا ہے۔ پانچ میں ایک مجرم کی سزا پر عملدرآمد میں عجلت اور دوسروں کے متعلق بے جواز تاخیر اور پراسرار خاموشی نے بے انصافی کے پہلو کو نمایاں کر دیا ہے۔ اندریں صورت اگر ذوالفقار علی بھٹو کو دی جانے والی سزا کو عدلیہ کے فیصلے کا احترام نہیں بلکہ انتقام باور کرایا جا رہا ہے تو جائیے اس کی تردید کا جواز کیا ہے؟ اگر عدالتی فیصلے کے مطابق پانچوں مجرموں کو بلاامتیاز سزا ہو چکی ہوتی تو کسی کو انتقام کے تاثر کو پھیلانے کا موقع بھی نہ ملتا۔ عدالت کے فیصلے کو سیاسی مصلحتوں کا نتیجہ قرار دینے والا پروپیگنڈہ بھی نہ ہوتا اور بین الصوبائی نفرتوں کو ہوا دینے کی کوئی بنیاد بھی نہ بنتی۔

حکومت کی طرف سے باقی مجرموں کی سزا پر عملدرآمد کے سلسلے میں ایک بودی سی دلیل یہ دی جا رہی ہے کہ باقی مجرم لیاقت باغ اور تاجپورہ فائرنگ کے مقدمے کی تفتیش کی تکمیل کے لئے مطلوب ہیں لہٰذا اس وجہ سے ان کی سزا پر عملدرآمد میں ناگزیر طور پر تاخیر ہو رہی ہے۔ ہم اس حجت کو اس لئے غلط اور ناقابل فہم سمجھتے ہیں کہ لیاقت باغ فائرنگ یا تاجپورہ فائرنگ کے واقعات کوئی تازہ حادثات نہیں ہیں، یہ برسوں پرانے واقعات ہیں اور ان کی تحقیقات کی تکمیل کا خیال آخر نواب محمد احمد خان کے مقدمۂ قتل کے فیصلے کے بعد ہی کیوں آیا؟

ہم صدر جنرل محمد ضیاء الحق سے بلاواسطہ مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ نواب محمد احمد خان کے مقدمۂ قتل کے باقی چار مجرموں کے بارے میں فوراً فیصلہ کریں اور ان کی سزا پر اسی طرح عملدرآمد کا اہتمام کریں۔ جس طرح ذوالفقار علی بھٹو کی سزا پر عمل ہوا ہے۔ صدر صاحب کو یہ محسوس ہونا چاہیئے کہ پانچوں مجرموں کے بارے میں ان کے اپنے فیصلے میں جو امتیاز پیدا ہو گیا ہے اور باقی ماندہ چار مجرموں کی سزا پر عملدرآمد میں جو تاخیر ہو رہی ہے اس سے ہماری اعلیٰ عدالتوں کے فیصلوں کی ساکھ اور اعتبار متاثر ہو رہے ہیں اور محض اس امتیاز کی وجہ سے عدالت کی سزا کے نتیجہ میں مرنے والا ایک قاتل شہید جمہوریت باور کرایا جانے لگا ہے۔ یہ عدالت کی ساکھ اور اعتبار پر بڑی کاری ضرب ہے کہ اس کے فیصلے کے نتیجے میں قتل جیسے گھناؤنے جرم کا ارتکاب کرنے والے مجرم کو دی جانے والی سزا شہادت اور بجائے خود مجرم قومی ہیرو باور کرائے جانے لگے ہیں۔ صدر صاحب کو یہ محسوس ہونا چاہیئے کہ یہ سب کچھ ان کے فیصلے کے امتیازی اور کمزور پہلو کے سبب ہو رہا ہے۔ افسوس ہے

بڑے مجرم کے بارے میں عدالتی فیصلے پر عملدرآمد کر کے اپنے قول کی صداقت کا بڑا اچھا تاثر قائم کیا تھا۔ لیکن باقی مجرموں کے بارے میں مختلف طرز عمل نے اس تاثر کو زائل کر دیا ہے۔ ہم اپنی عدالتوں کی بالادستی اور احترام کی خاطر صدر مملکت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ نواب محمد احمد خان کے مقدمۂ قتل کے باقی مجرم بھی بلاتاخیر اپنے انجام کو پہنچائے جائیں اور عدالت کے وقار و احترام کو زک پہنچانے کی کوششوں اور ان کے ذریعے اپنے مخصوص سیاسی مفادات کے حصول کی سازشوں کا سدباب کیا جائے۔

بشکریہ جسارت کراچی

شیعہ سُنّی سوال!

"مسلمان ملکوں میں شیعہ، سُنّی سوال ان میں جھگڑے پیدا کرنے کے لئے کھڑا کیا جاتا ہے" یہ بات ایرانی وزیر خارجہ ڈاکٹر ابراہیم یزدی نے ترکی کے وزیر خارجہ سے ملاقات میں کہی۔ جو ایران کے چار روزہ سرکاری دورے کے بعد یہاں جون کو واپس گئے تھے۔ ایران میں اسلامی انقلاب کے بعد کا یہ جو تنازعات پریشانی کا باعث بنے ہیں، اور جنہیں مغربی ذرائع اطلاعات بڑھا چڑھا کر نشر کرتے ہیں۔ ان میں علاقائی اور نسلی و لسانی اختلافات کے ساتھ فرقہ وارانہ تعصبات کا بھی ہاتھ رہا ہے۔ ایران کے نئے رہنما اور حکمران اگرچہ اپنی نسبت صرف اسلام سے ظاہر کرتے ہیں لیکن مغربی ذرائع ہمیشہ جناب خمینی کا بحوالہ شیعہ رہنما اور ایران کا شیعہ اکثریت کا واحد ملک ہونے کے حوالے سے ذکر کرتے ہیں۔ ترکی میں بھی چند ماہ پہلے ایک مشرقی علاقے میں جو فساد ہوا تھا اور جس میں ایک سو کے قریب افراد باہمی قتل و غارت کا شکار ہو گئے تھے، اسے بھی شیعہ سنی تنازع کا نتیجہ قرار دیا گیا تھا۔ امریکی سی آئی اے کے حلقے پاکستان اور ایران کی سرحد پر جس بلوچ سٹیٹ کے خواب دیکھ رہے ہیں اسے بھی سُنّی سٹیٹ کا نام دیا جا رہا ہے۔

اس پس منظر میں ایرانی وزیر خارجہ کی متذکرہ صدر بات کا جائزہ لیں، تو واضح ہو جاتا ہے کہ وہ اسلام کے معاملے میں کس قدر وسیع النظر، کھرے اور مخلص ہیں، اور اس دین حق سے وابستگی کو کس طرح بے تامل اولیت دیتے ہیں۔ ان میں یہ انداز فکر اہل پاکستان کے لیے بھی لمحۂ فکریہ ہے، جہاں اسلامی نظام کے نفاذ کے لیے بعض اقدامات کے ساتھ ہی فرقہ وارانہ کانفرنسوں اور علیحدہ علیحدہ فقہوں کی اساس پر مطالبات کا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے۔ یہ اس سرزمین میں ہو رہا ہے، جو اسلام کی بنیاد پر قائم ہوئی تھی، اور جس کا اساسی نظریہ و مقصد ہی اسے اسلامی تعلیمات پر عمل درآمد کا گہوارہ بنانا ہے اس کے قیام کی راہ بھی اسی وقت ہموار ہوئی تھی، جب برصغیر کے ہر علاقہ، طبقہ، نسل اور فرقہ کے لوگ ایسے امتیازات و تعصبات سے بے نیاز ہو کر "مسلم ہے تو مسلم لیگ میں آ" کا نعرہ لگاتے ہوئے اور "پاکستان کا مطلب کیا۔ لا الٰہ الا اللہ" کا ورد کرتے ہوئے قائداعظمؒ کی قیادت کے پرچم تلے متحدہ ہو گئے تھے۔ اب اس سے زیادہ کم نظری اور بدقسمتی کی بات اور کیا ہو سکتی ہے کہ ایران جسے مخالفین اسلام باصرار شیعہ ملک قرار دیتے ہیں، اس کے حکمران تو اپنا ذکر صرف اسلام کے حوالے سے کرتے ہیں۔ اور پاکستان جو اسلام کی بنیاد پر قائم ہوا تھا، اس میں اسلامی نظام کے نفاذ کا سلسلہ شروع ہوتے ہی فرقہ واریت کا پرچار اور اظہار شروع کر دیا گیا ہے۔ کیا اسلام و پاکستان کے مخلصین کو "فرقہ بندی" کی یہ باتیں "زیب" دیتی ہیں؟

روزنامہ نوائے وقت لاہور

شہید ———— انوار عزمی
گمراہی کو مفید کہتے ہیں
یوم ماتم کو عید کہتے ہیں
سرخ مذہب کے ماننے والے
قاتلوں کو شہید کہتے ہیں

نورِ بصیرت
میاں عبدالرشید

حرفِ اسلام (۱)

قرآن پاک میں ارشاد ہے: "آج میں نے تمہارے لیے تمہارا دین کامل کر دیا۔ اور تم پر اپنی نعمت کا اتمام کر دیا اور تمہارے لیے اسلام کو بطور دین پسند فرمایا۔" (۵: ۳) سورہ آل عمران میں فرمایا: "اور جو شخص اسلام کے علاوہ کوئی اور دین ڈھونڈے گا، تو وہ اس سے ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا۔" (آیہ ۸۵) بلاشبہ سارے انبیاء اسلام ہی لائے تھے، مگر وہ اسلام مکمل صورت میں نہیں ہوتا تھا۔ اسلام کی مکمل صورت وہ ہے، جو جناب رسول پاک نے پیش کی۔ حضورؐ کا ارشاد گرامی ہے کہ اب اگر موسیٰ یا عیسیٰ آئیں تو انہیں میری شریعت کا اتباع کرنا ہوگا، پہلی تمام شریعتیں متروک ہیں۔ پہلی تمام آسمانی کتابیں بھی متروک ہیں۔ صرف اس لیے نہیں کہ ان میں تحریف ہے، بلکہ اس لیے کہ قرآن پاک کے بعد ان کی ضرورت باقی نہیں رہی۔ ورنہ حق و صداقت کے متلاشیوں کے ذہنوں میں افراتفری رہتی۔ کوئی کسی کے پیچھے بھاگتا، کوئی کسی کے۔ اُمت واحدہ قائم نہ ہو سکتی۔ وحدت افکار ہوتی، نہ وحدت کردار۔ "یہ بھی ٹھیک ہے، وہ بھی ٹھیک ہے" والا معاملہ رہتا۔

جب بھی اسلام کو بطور مکمل نظام حیات نافذ کرنے کی کوشش کی جاتی ہے، بیرونی اور اندرونی طور سے ایسے عناصر سر اٹھانا شروع کر دیتے ہیں، جو اسلام کو اس کی اس بلند اور یکتا حیثیت سے گرانے کی کوشش کرتے ہیں۔ فیروز تغلق اور سکندر لودھی نے اسلام کو نافذ کیا تو فوراً ہی بھگتی تحریکیں شروع ہو گئیں۔ کہ رام رحیم ایک ہے۔ مذہبی جھگڑوں میں نہیں پڑنا چاہیے۔ یعنی مذہب کو ایک پرائیویٹ چیز سمجھو۔ کسی کو برا نہ کہو۔ یعنی حق کو حق اور باطل کو باطل نہ کہو۔ محبت سے دلوں کو موہ لو یعنی جہاد بالسیف چھوڑ دو۔

انگریزوں کے دور میں مہاتما گاندھی اسی نیو بھگتی تحریک کا علمبردار تھا۔ اور بہت سے نیشنلسٹ علماء اس کے فریب میں آ گئے تھے۔ اب جبکہ پاکستان میں اسلام کو مکمل طور سے نافذ کرنے کی کوششوں کا آغاز ہوا، پھر اسی قسم کے لوگ [illegible] نکلے آتے ہیں۔

رُخ کدھر ہے!

تم دیکھتے ہو اکبرؔ دنیا کا رُخ کدھر ہے
یہ وقت امتحاں ہے یہ وقت الحذر ہے
حیرت سے دیکھتا ہوں ہر صاحبِ خرد کو
سب کی زباں کدھر ہے اور ان کا دل کدھر ہے
(اکبر الٰہ آبادی)

گروسری - سبزیاں - مصالحہ جات
تازہ حلال گوشت
بازار سے مقابلتاً سستے داموں ہم سے طلب فرمائیں
Tel. 762-1633
ALFLAH GROCER
2774 Dundas St. West
Toronto, Ont.

پاکستان کو غیر وابستہ تحریک میں شامل کرنے کے مسئلے پر غور ستمبر تک ملتوی کرنے کا فیصلہ

کیمپ ڈیوڈ سمجھوتہ مسترد کر دیا گیا، امریکہ اپنی پالیسیاں مسلط کرنے کی کوشش کر رہا ہے

"پہلے قبر پر حاضری دیں"

لاڑکانہ ——— پی پی پی کے سرگرم کارکنوں کو شاہراہ پر سکھر، لاڑکانہ، سیہون اور دادو کے درمیان چلنے والی بسوں کو زبردستی بھٹو کی قبر پر لے جاتے ہیں ... مطالبہ تو نہیں دھمکی دی جاتی ہے کہ اگر انہوں نے بھٹو کی قبر پر حاضری ... تو ان کی بسوں کو نقصان پہنچایا جائے گا۔

کولمبو میں رابطہ بیورو کے اجلاس میں تجارت و ترقی کانفرنس کے نتائج پر عدم اطمینان کا اظہار

افغانستان میں ظلم کی آگ بھڑک رہی ہے، گنہگار اور بے گناہ سب جھلس رہے ہیں: مجددی

کمیونزم کے شبخون کو صرف افغانستان کا مسئلہ سمجھا گیا تو پورے عالم اسلام پر مصیبت ٹوٹ پڑے گی۔ مسجد شہداء کے جلسے سے افغان رہنما اور دیگر مقررین کا خطاب

افغانستان روسی کمیونزم کا قبرستان بنے گا: میاں طفیل محمد

روس ترہ کی کو تنہا نہیں چھوڑ سکتا تو ہم بھی اپنے بھائیوں کو تنہا نہیں چھوڑیں گے: نصر اللہ

لاہور کے ایک لاکھ جوان جہاد میں شرکت کے لئے تیار ہیں۔ جلسہ میں مجاہدین کو خراج تحسین

مسلمان اپنے افغان بھائیوں کی مدد کریں: شریعت مدار

ترہ کی حکومت ہزاروں مسلمانوں کی جانیں لے چکی ہے

مزاری ۳ سال کیلئے این ڈی پی کے دوبارہ صدر منتخب ہو گئے

ولی خان نے صدارت کیلئے مزاری کا نام پیش کیا۔ چاروں صوبائی صدور نے تائید کی۔ پارٹی کی قیادت کیلئے مزاری سے بہتر کوئی نہیں۔ ولی خان کا زبردست خراج تحسین

میں صدارت نہیں چاہتا تھا، فیصلے کے سامنے مجبور ہو گیا: مزاری

این ڈی پی قومی اتحاد میں دوبارہ شامل نہیں ہو گی۔ بھٹو گروپ کی کارروائیوں کی مذمت

پاکستان کے لئے اسلامی ترقیاتی بینک کا قرضہ

جدہ ——— (اے پی پی) اسلامی ترقیاتی بینک ایک معاہدے کے تحت پاکستان کی صنعتی ترقی ... کو ... لاکھ ... ہزار ڈالر فراہم کرے گا۔ آئی ڈی بی کے صدر ... اور ... نے اس معاہدے پر دستخط کئے۔

ہائیکورٹ نے غلام حسین کو رہا کر دیا

لاہور ——— (پ پ آ) لاہور ہائیکورٹ کے جج جسٹس ... نے آج پیپلز پارٹی کے سابق سیکرٹری جنرل غلام حسین کو رہا کرنے کا حکم دے دیا۔ ... منظور کرتے ہوئے دیا ... فوجی عدالت ... سزا ...

اسلامی تحریکوں کی پیش قدمی اور باطل کی از سر نو صف بندی

حسن ابو رضوی

سیلاب کے سامنے ایک ناقابل تسخیر چٹان کی طرح حائل ہو چکے ہیں۔ ایران اور افغانستان میں ... اسلام کے پورے جسم کو جھنجھوڑ رہی ہیں ...

... اسلامیہ کمزور اور ناتواں بن کر رہ گئی ... رسوائی کے ساتھ نکالا گیا۔ دمشق کی گلیوں میں عربوں نے ترکوں کے گلے کاٹے ...

حضرت عمرؓ کے ہاتھ میں تورات دیکھ کر فرمایا تھا ...

کمزور اور بے بس بنا کر رکھ دیا تھا۔ ان وجوہات کو جاننے کے لئے ضروری ہوگا کہ ہم ۱۴ سو سالہ پیشتر کے مسلمانوں کا ... پس منظر میں رکھ کر موجودہ حالات کا جائزہ کریں۔

... حکومت نے اپنے دور میں ... اقلیت ... آبادی ... فیصد ...

پاکستان میں روس کے جاسوس ادارے کی پُراسرار سرگرمیاں



روسی سفارت کار سرکاری معلومات حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں

خفیہ تنظیم جی آر یو کا نیا سربراہ کرنل جیدروف کو بنایا گیا ہے۔ صورتحال پر پاکستانی حلقوں کا اظہار تشویش

کراچی ۔۔۔ (رجحانات پرست) پاکستان میں روسی سفارتخانے کی سرگرمیاں کسی بڑی تبدیلی کا پتہ دیتی ہیں اور پچھلے دنوں روسی سفارتخانے کی تنظیم نو سے متعلق حکومت روس کے اقدامات جن کے تحت روس کے جاسوسی ادارہ کے جی بی کے نمائندہ ...

افغانستان کے راستے پاکستان میں روسی گھس پیٹھ ...

پیپلز پارٹی کے ساتھ محاذ آرائی کی پالیسی خطرناک ثابت ہو سکتی ہے : مبشر حسن

ایک روپے کے نوٹ کی جگہ نیا سکہ جاری کیا جائے گا

اسلام آباد ۔۔۔ ... ایک روپے کے موجودہ نوٹ کی جگہ رائج کیا جائے گا تاکہ ایک روپے کی نوٹ کی چھپائی کے اخراجات میں بچت کی جائے جو مختلف ہاتھوں میں بار بار جانے کی وجہ سے جلد پھٹ جاتا ہے۔

رموز مملکت

راولپنڈی ۔۔۔ (نمائندہ جسارت) صدر جنرل ضیاء الحق سے ملاقات کے بعد ... واپس آئے تو ... نے دریافت کیا کہ نواب محمد احمد خان کے قتل کے باقی چار مجرموں کو پھانسی کیوں نہیں دی جا رہی ... اس کے بعد انہوں نے ... صدر ... عزیز ملکت ...

پاکستان اور روس میں ڈگریوں کی یکسانیت کا معاہدہ

ماسکو ۔۔۔ (پی پی آئی) ماسکو میں پاکستان اور روس کے درمیان تعلیمی سرٹیفکیٹ اور سائنسی ڈگریوں کی یکسانیت کے لئے حال ہی میں ایک معاہدے پر دستخط ہوگئے۔ معاہدے پر روس کے نائب وزیر تعلیمات اور روس میں مقیم پاکستانی سفیر صاحبزادہ یعقوب علی نے دستخط کئے۔

یحییٰ خاں کے بعض مصاحبوں نے بھٹو سے رابطہ قائم کر رکھا تھا

اصل خرابی انتخابات کے بعد قومی اسمبلی کا اجلاس نہ بلانے سے پیدا ہوئی

بھٹو پاکستان کا صدر بننے کے خواہشمند تھے : مشرقی پاکستان کے سابق گورنر ایس ایم احسن کا انٹرویو

لاہور ۔۔۔ مشرقی پاکستان کے سابق گورنر اور پاکستان بحریہ کے سابق کمانڈر انچیف وائس ایڈمرل ایس ایم احسن نے ماہنامہ قومی ڈائجسٹ کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کے سابق صدر جنرل یحییٰ خاں، ایوب خاں مرحوم کے اقتدار سے دستبردار ہونے کے بعد یہ چاہتے تھے کہ ملک بھر میں مکمل طور پر مارشل لاء نافذ کر دیا جائے ...

علیگڑھ میں ایک اور مسلمان کو چھرا گھونپ کر ہلاک کر دیا گیا صورتحال انتہائی کشیدہ

جمشید پور میں غیر قانونی اسلحہ کی تلاش کے بہانے مسلمانوں کو ہراساں کیا جا رہا ہے ... گرفتار

دونوں شہروں میں کرفیو بدستور نافذ ہے، مسلح پولیس کا گشت

علیگڑھ میں ہلاک ہونے والوں کے ورثاء کو پانچ پانچ ہزار روپے بطور معاوضہ ادا کئے گئے

نئی دہلی ۔۔۔ (ریڈیو رپورٹ) بھارت میں مسلمانوں کی بھاری اکثریت والے شہروں علی گڑھ اور جمشید پور میں صورتحال آج بھی سخت کشیدہ رہی اور کرفیو بدستور نافذ ہے اور شہروں میں مسلح پولیس گشت جاری ہے ...

علیگڑھ میں ایک سرکاری ترجمان نے بتایا کہ آج صبح سویرے علی گڑھ میں چھرا گھونپنے کی ایک واردات ہوئی تاہم اب شہر پرسکون ہے ... اپریل کے ہندو مسلم فسادات کے دوران ایک سو سے زائد افراد ہلاک اور چار سو شدید زخمی ہو گئے تھے ...

شپ یارڈ کی کالعدم یونین آج کیا کرے گی؟
شہر میں مظاہرے اور پولیس سے تصادم
اور صنعتی علاقے میں ہڑتال کی کوشش کی جائے گی

کراچی ۔۔۔ (اسٹاف رپورٹر) شپ یارڈ کی کالعدم یونین کے رہنماؤں نے کل شہر اور صنعتی علاقے میں ہنگاموں اور شورش کا پروگرام بنایا ہے۔ یونین کے ایک اہم عہدیدار نے آج شام روسی خبر رساں ایجنسی تاس کے نمائندے کو بتایا کہ کل یونین شپ یارڈ ...

بھٹو کے جلسے میں پاکستان کے خلاف نعرے لگائے گئے تھے جتوئی کا اعتراف

پیپلز پارٹی انتخابات کے سوال پر حکومت سے مذاکرات کیلئے تیار ہے : پریس کانفرنس

جتوئی ڈیڑھ ماہ کے نجی دورے پر لندن، امریکہ اور سعودی عرب روانہ ہو گئے

کراچی ۔۔۔ (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی سندھ کے قائم مقام صدر مسٹر غلام مصطفیٰ جتوئی نے آج اس بات ...

بھٹو نے تختۂ دار پر یہ نہیں کہا تھا کہ "میں بے قصور ہوں اللہ میری مدد کر"

پھانسی سے پہلے دو مرتبہ استفسار کے باوجود کوئی تحریری یا زبانی وصیت نہیں کی WILL تو کتابوں میں ہوتی ہے: بھٹو کا جواب

پھندا گلے میں ڈالتے وقت اور منہ پر ٹوپی چڑھانے کے بعد بھٹو یہی کہتے رہے "اسے ہٹا دو۔ اسے ہٹا دو"

"تختۂ دار پر وہ کسی گہری سوچ میں تھے"

عدالت میں موقع پر موجود مجسٹریٹ بشیر احمد کا بیان

راولپنڈی — (نمائندہ خصوصی) ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی دیتے وقت موقع پر موجود مجسٹریٹ مسٹر بشیر احمد خان نے بتایا ہے کہ بھٹو نے تختۂ دار پر یہ نہیں کہا تھا کہ "میں بے قصور ہوں اللہ میری مدد کر" ... [illegible]

پھانسی کے تختے کی طرف بڑھتے ہوئے بھٹو آہستہ آہستہ قدم اٹھا رہے تھے

غیر ملکی نامہ نگاروں کے خلاف استغاثہ کی سماعت کے دوران تارا مسیح کا بیان

[illegible]

جلاد تارا مسیح

بالآخر وصیت نہیں دی... [illegible]

پیپلز پارٹی جمہوریت
کی بحالی کے لیے تمام
ترقی پسند جماعتوں
کے ساتھ تعاون کریگی
موجودہ بحران کا
حل عام انتخابات ہیں
بے نظیر بھٹو

[illegible] — (نمائندہ خصوصی) مس بے نظیر بھٹو نے کہا ہے کہ ملک میں جمہوریت کی بحالی کے لئے پیپلز پارٹی تمام ترقی پسند جماعتوں کے ساتھ تعاون کے لئے تیار ہے ... [illegible]

جام صادق لیبیا کی فضائی کمپنی میں ڈائریکٹر

[illegible]

میں نے بھٹو سے کہا تھا کہ آپ کی اختیار کردہ روش سے آپکی نعش بھی لاڑکانہ نہ جا سکے گی

ملک کی سالمیت کا راز یہ ہے کہ ہم بڑے ملکوں کے جھگڑوں میں ملوث نہ ہوں

صوبہ کرسچن کے چھپنے کی خاطر ملک کو دو لخت کیا گیا: ولی خان

پشاور — (نمائندہ خصوصی) نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی کے دو روزہ کنونشن کے آخری اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے خان عبدالولی خان نے کہا کہ پاکستان ایک ملک کے نظم و نسق اور بقا کے سلسلے میں چوتھے ستون کی حیثیت رکھتا ہے ... [illegible]

کیپٹل ٹریول اینڈ کیپیٹل ٹریڈرز

IATA

ٹی وی، فریج اور کار وغیرہ کے مفت کتابچے کے لیے

آج ہی فون کریئے

FOR FURTHER INFORMATION CALL YOUR NEAREST OFFICE

Toronto: (416)465–5411

Windsor: (519)256–0654

DETROIT: 963-3626

744 Broadview Avenue

Toronto M4K 2P1

Tel. 465-5411 465-5412

نئی مملکت کا ایک سربراہ ۔ ایک حکومت اور ایک فوج ہوگی ۔ انضمام کے معاہدے پر بغداد میں صدر حسن البکر اور صدر اسد نے دستخط کئے

عراق اور شام ایک ملک بن گئے

شمالی علاقوں میں پانی کی سپلائی کے لئے یونیسف کی طرف سے پائپ کا تحفہ

گلگت ۔۔۔۔ (اے پی پ) اقوام متحدہ کے ادارے یونیسف نے دیہی علاقوں میں پانی کی سپلائی کے لیے شمالی علاقوں کی انتظامیہ کو ۹۵ لاکھ روپے کی مالیت کا فولادی پائپ عطیے کے طور پر دیا ہے۔ یہ بات ڈویلپمنٹ کمشنر برائے شمالی علاقہ جات نے آج یہاں بتائی۔

ہمارا فیصلہ عرب قوم کی تاریخ میں نئے باب کا اضافہ ہوگا ۔ صدر حسن البکر

ہم ایسا اتحاد چاہتے ہیں جو عرب قوم کے اتحاد کا مرکزی حصہ ہو ۔ صدر حافظ اسد

انضمام جلد از جلد عمل میں آئے گا ۔ اگلا اجلاس دمشق میں ہوگا ۔ عراقی وزیر اطلاعات

بغداد ۔۔۔۔ (اے پی پ / اے ایف پ) شام اور عراق اپنا علیحدہ وجود ختم کرکے ایک ملک بن گئے ہیں اور اب نئی مملکت کی ایک حکومت ہوگی ایک سربراہ مملکت اور ایک فوج ہوگی دونوں ملکوں کے انضمام کا اعلان آج یہاں عراق کے وزیر اطلاعات سعد قاسم حمودی نے کیا انہوں نے بتایا کہ انضمام کے سلسلے میں آج بغداد کے صدارتی محل میں ایک اعلان پر دستخط کئے گئے دونوں ملکوں کے انضمام پر بات چیت کرنے کے لئے شام کے صدر حافظ اسد عراق کے صدر حسن البکر کی دعوت پر آج کل بغداد آئے ہوئے ہیں دونوں ملکوں کے صدور کے درمیان آج ۵ گھنٹے تک ملاقات ہوئی جس کے بعد ایک کھلا اجلاس منعقد ہوا جس میں انضمام اعلان پر صدر حسن البکر اور صدر اسد نے دستخط کئے۔ عراق کے صدر نے اس معاہدے کو عرب قوم کی تاریخ میں ایک نئے باب کا اضافہ قرار دیا انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک اتحاد کے سلسلے میں بڑے اقدام کی توقع رکھتے ہیں اور یہ معاہدہ اس مقصد کے حصول کی جانب ایک مثبت اقدام ہے ...

بڑی طاقتیں پاکستان کو میدانِ جنگ بنانا چاہتی ہیں ۔ ولی خان

جنرل ضیاء نے مجھے بتایا تھا کہ حیدرآباد ٹریبونل کا خاتمہ اتحاد کے مطالبے پر عمل نہیں تھا

خارجہ پالیسی ایسی ہونی چاہیے کہ کسی کو ہمارے معاملات میں مداخلت کا جواز نہ مل سکے

پشاور ۔۔۔۔ (نمائندہ جسارت) ... بڑی طاقتیں پاکستان کو میدانِ جنگ بنانا چاہتی ہیں لیکن ہم کسی بھی قیمت پر کسی کو اپنی سرزمین غلط استعمال کرنے کی اجازت نہیں دیں گے ...

لاہور اور کراچی کے درمیان مکمل ایئر کنڈیشنڈ ٹرین

اسلام آباد ۔۔۔۔ (ایجنسیاں / پی پی آئی) پاکستان ریلوے لاہور اور کراچی کے درمیان چلنے والی مکمل ایئر کنڈیشنڈ ٹرین چلانے کے انتظامات ... اس ٹرین کے لئے ریلوے کی تیار کردہ ...

ماہانہ ۵۰ لاکھ روپیہ کمانے والے لیبر اتاشی پاکستانیوں کی کوئی خدمت نہیں کرتے

حکومت نے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی بہبود کے لئے مربوط پالیسی تیار کی ہے : ظہور الٰہی

لندن ۔۔۔۔ (اے پی پ) مسلم لیگی رہنما چوہدری ظہور الٰہی نے ... ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ...

پاکستانی ڈاکٹر یونیسف بورڈ کے چیئرمین منتخب ہوگئے

اقوام متحدہ ۔۔۔۔ (پ پ) پاکستان ... ڈاکٹر ... اقوام متحدہ کے بچوں کے فنڈ یونیسف کے ایگزیکٹو بورڈ کا چیئرمین منتخب کرلیا گیا ...

پاکستان نے بھارت کے ساتھ حالیہ مذاکرات میں بھارتی مسلمانوں کا مسئلہ بھی اٹھایا تھا

باجپئی شاہنواز مذاکرات میں خاصی تلخی پیدا ہوگئی تھی

پاکستان نے اسلامی ملکوں میں بھارت کے خلاف پراپیگنڈے کا الزام مسترد کردیا

نئی دہلی ۔۔۔۔ (ر) بھارت کے معروف کالم نویس ... نے انکشاف کیا ہے کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان ابھی حال ہی میں نئی دہلی میں جو بات چیت ہوئی اس میں بھارتی مسلمانوں کا مسئلہ بھی زیر بحث آیا تھا ...

بھارت نے پاکستانی وفد سے شکایت کی تھی کہ پاکستان مسلم ممالک میں بھارتی مسلمانوں سے بدسلوکی کا پروپیگنڈہ کر رہا ہے جبکہ پاکستان نے اس بات کی صحت سے انکار کیا ... اس بات چیت کے دوران ایک موقع پر تلخی بھی پیدا ہوگئی تھی جب مسٹر باجپئی سے ملاقات کے دوران مسٹر شاہنواز کسی بات پر جوش میں آگئے ...

قومی اتحاد ایک سیاسی جماعت کی حیثیت سے الیکشن لڑے گا

حکومت اتحاد کی جماعتوں سے الگ الگ مذاکرات نہ کرے ۔ مفتی محمود

لاہور ۔۔۔۔ (اپنے نامہ نگار سے) پاکستان قومی اتحاد ایک سیاسی جماعت کی حیثیت سے عام انتخابات میں حصہ لے گا ...

Please Visit For

Halal Meat & Spices

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

ٹورانٹو میں حلال گوشت کی

پہلی دوکان

AFRO ASIAN

918 PAPE AVENUE
TORONTO

PHONE: 463-1287

Luncheon Special Between 12 - 2.30 P.M.

لذیذ کھانوں

کے لیئے لالہ زار تشریف لائیے۔

گوشت حلال اور سروس بہترین!

LALAZAR RESTAURANT

429 A Donlands Avenue
(near Donlands Cinema)

Tel 421-1770

We cater for private Parties

کرکٹ میں دھماکوں کے خوگر

جاوید میاں داد کہتے ہیں:

ہم "ایزی" سمجھ کر پٹ جاتے ہیں

انٹرویو
فیاض اعوان

جاوید میاں داد پاکستان کرکٹ ٹیم کے ان چند کھلاڑیوں میں سے ایک ہے جس نے نہ صرف ٹیسٹ کرکٹ کا آغاز ایک دھماکے سے کیا بلکہ وہ اب تک دھماکے پہ دھماکے کر رہا ہے۔ اپنے پہلے ہی ٹیسٹ میچ میں سنچری سکور کرنے والا میاں داد اس اعتبار سے اہم ہے کہ اس کا قد کاٹھ ... کے شبلی ہی ... اپنے مختصر ٹیسٹ کیریئر میں ... وہ ٹیسٹ میچوں میں ۱۸۳۲ رنز سکور کر چکا ہے۔ ان میں ۴ سنچریاں شامل ہیں ... بہت تعجب انگیز ہے کہ ... میاں داد کی ہے پاکستان کی تاریخ میں اور کسی کی نہیں ہے۔

میاں داد گذشتہ دنوں جب پاکستان آیا تو ہم نے اس سے یہ مختصری انٹرویو کیا۔ ...

س:۔ نہیں ادھر آپ بتلائیے؟

ج:۔ میرے فادر۔

س:۔ سنا ہے آپ بڑی خوبیوں والے انسان ہیں۔ آپ کے خیال میں آپ کی سب سے بڑی خوبی کونسی ہے۔

ج:۔ سادگی!

س:۔ کم از کم ایک خامی بھی بتا دیجئے؟

ج:۔ میں کیسے بتا سکتا ہوں جو مجھے جانتا ہے۔ وہی بتا سکتا ہے۔

س:۔ آپ کے خیال میں پاکستان ٹیسٹ ماضی میں بہترین کپتان کون ثابت ہوا ہے۔ ... کے کارنامے ... مشتاق محمد کے بارے میں کیا خیال ہے؟

آپ آسٹریلیا سے مقابلہ ہوا تو ہر میچ میں ہرا دیں گے

[illegible]

پاکستان نے ایک روزہ میچ میں کینیڈا کو آٹھ وکٹوں سے ہرا دیا

کینیڈا نے ۹ وکٹوں پر ۱۳۹ رنز اور پاکستان نے دو وکٹوں پر ۱۴۰ رنز بنائے

ہیڈ نگلے (کینیڈا) ۔۔ (اے پی) آج یہاں پرڈنشل ورلڈ کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں ۶۰ اوورز کے ایک روزہ میچ میں پاکستان نے کینیڈا کی ٹیم کو ۸ وکٹوں سے شکست دے دی۔ کینیڈا کی ٹیم نے ٹاس جیت کر پہلے کھیلنے کا فیصلہ کیا۔ پاکستانی باؤلروں نے نہایت شاندار باؤلنگ کا مظاہرہ کیا۔ پہلے تین اوورز میں صرف ۴ رنز ہی بن سکے۔ ... ایک وکٹ حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئے۔ کینیڈا نے اس وقت صرف ۴۵ رنز بنائی تھیں۔ بعد ازاں آصف اقبال نے اوپر تلے تین وکٹ حاصل کئے ...

[illegible]

نعیم عباس

ہارون الرشید

آصف اقبال

صادق محمد

صدر نے بھارتی فلمیں درآمد کرنے کی اجازت نہیں دی

کراچی ۔۔ (اے پی پی) صدر جنرل محمد ضیاء الحق نے ایک مقبول فلمی اداکار و ہدایت کار شیخ مختار سے کہا ہے کہ وہ پاکستان میں اچھی فلمیں تیار کریں۔ شیخ مختار نے جو ۱۹۷۹ء میں ... پاکستان آئے تھے صدر ضیاء الحق کو بتایا کہ ان کی تیار کردہ نو فلمیں محکمہ کسٹم نے روک رکھی ہیں۔ ان کی فلموں کی واگذاری اور پاکستان میں ان کی نمائش کے امکانات ہموار کئے جائیں مگر صدر نے انہیں فلموں کی نمائش کی اجازت نہیں دی تاہم برآمد کرنے کے لئے فلموں کی واگذاری کے لئے خصوصی حالات کے تحت ہدایات دے دیں۔ شیخ مختار نے صدر مملکت کو بتایا کہ نو فلموں میں ان کی ایک فلم بین الاقوامی معیار کی ہے ... یہ وہ ایک اسلامی فلم ہے۔ صدر نے شیخ مختار کو کہا کہ وہ اپنی فلم کے ... بعد ازاں ان کے معاملے کا فیصلہ کر دیا جائے گا۔

پہلے عالمی کپ کے سیمی فائنل مقابلے

۱۸ جون کو ہیڈنگلے ... میں پہلے عالمی کپ کے سیمی فائنل میں آسٹریلیا اور انگلستان کا مقابلہ ... آسٹریلیا نے چار وکٹوں سے جیت لیا ...

[illegible]

الونکی سے انتقام لوں گا، جیت سنگھ



[illegible]

Introduce

Crescent To A friend

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سہ روزہ کریسنٹ انٹرنیشنل

ٹورانٹو کنیڈا

اسلامی اقدار و بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان ۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

جلد: ۶ | ۶ شعبان ۱۳۹۹ھ | یکم جولائی ۱۹۷۹ء | شمارہ: ۸

حکومت کو بلدیاتی انتخابات پر رائے عامہ کا احترام کرنا ہوگا

بلدیاتی انتخابات کے پہلے انعقاد کا کوئی جواز نہیں ۔ اس سے عام انتخابات کے لئے خطرہ ہوگا بلدیاتی انتخابات پہلے ہوئے تو یہ حکومت کا یکطرفہ فیصلہ ہوگا

گول میز کانفرنس سے مسائل ختم کر دیے ہونگے صوبائی خودمختاری کا مسئلہ بھی اٹھایا جاسکتا ہے ۔ قومی اتحاد جنرل ضیاء کا احترام کرتا ہے ۔ لیکن قوم کو اس پر قربان نہیں کرسکتا

راولپنڈی میں اتحاد کی جماعتوں کے سربراہوں کا اجلاس

قومی اتحاد حکومت سے محاذ آرائی نہیں چاہتا ۔ لیکن اصولوں پر سودے بازی نہیں کریگا

استقلال مسلم لیگ کی ۲۰ نمبری پوزیشن تسلیم کرتا ہے، خواجہ خیرالدین اتحاد سے علیحدہ ہوئے ہیں

راولپنڈی ۔۔۔ پاکستان قومی اتحاد کے صدر مولانا مفتی محمود نے کہا ہے کہ حکومت کے پاس بلدیاتی انتخابات کرانے کا کوئی مناسب جواز نہیں کیونکہ سیاست دانوں نے عام انتخابات سے قبل بلدیاتی انتخابات کرانے کی زبردست مخالفت کی ہے۔ آج یہاں قومی اتحاد کی جماعتوں کے سربراہوں کے اجلاس کے بعد صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ حکومت کے لئے ایک طرح کا معاملہ ہے کیوں کہ سیاستدان حکومت کے نقطہ نظر کے حامی نہیں۔ بلدیاتی انتخابات سود مند نہیں ہونگے اور قومی اتحاد صرف عام انتخابات کے ذریعہ مارشل لاء کی مدت میں کمی چاہتا ہے عوام کے منتخب نمائندوں کو اقتدار منتقل ہو جانے کے بعد عوام کے مسائل حل کرنے کا عمل جاری رہے گا۔ مولانا مفتی محمود نے کہا کہ بلدیاتی انتخابات کے بارے میں قومی اتحاد کا ایک واضح موقف ہے اور وہ قومی جنرل ضیاء کا احترام کرتا ہے لیکن ہم قومی اتفاق رائے اور خواہشات کو اس پر قربان نہیں کرسکتے۔ قومی اتحاد صرف کسی قسم کے سمجھوتے میں ملوث نہیں ہوگا۔ وہ ۔۔۔ کے خلاف آوازوں میں حصہ دار نہیں ہوسکتا۔ بلدیاتی اداروں کا انتخاب فوجی حکومت کی ذمہ داری نہیں ۔۔۔ بس یہ کام صوبائی حکومتوں کے سپرد کیا جانا چاہئے۔ فوجی حکومت کا کام صرف عام انتخابات کرانا ہے تاکہ اقتدار منتخب پارلیمنٹ کو منتقل ہوسکے۔ بلدیاتی انتخابات کا مسئلہ آئندہ منتخب اسمبلیوں کے لئے چھوڑ دینا چاہئے۔ مولانا مفتی محمود نے کہا اگر فوجی حکومت نے اس سے پہلے انتخابات کرا دیئے تو اقتدار کی منتقلی کے بعد صوبائی اسمبلیوں نے ان انتخابات کو کالعدم قرار دینا چاہا تو ۔۔۔

پھر بلدیاتی اداروں کا کیا بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ وقت کا اہم مسئلہ یہ ہے کہ کیا قوم سیاستدانوں کے ذریعہ عام انتخابات کی راہ ہموار کرنا چاہتی ہے یا اس کی راہ میں رکاوٹ پیدا کرنا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عام انتخابات سے قبل بلدیاتی انتخابات کا انعقاد عام انتخابات کے لئے خطرہ ہوگا اور حکومت کو چاہیئے کہ اس وقت سیاسی جماعتوں میں پائے جانے والے قومی اتفاق رائے کے منافی کوئی راستہ قائم نہ کرے۔ مفتی صاحب نے کہا حکومت رائے عامہ کے خلاف کوئی اقدام نہیں کرے گی اور اسے رائے عامہ کا احترام کرنا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ قومی اتحاد نے گول میز کانفرنس کی تجویز منظور کرلی ہے کیونکہ بے پناہ مسائل کھڑے ہو جائیں گے۔ اس میں صوبائی خودمختاری جیسا مسئلہ بھی اٹھایا جاسکتا ہے۔ اس طرح ملک میں انتشار پھیل جائے گا۔ بہرحال ہم منتخب پارلیمنٹ کی طرف سے کسی بھی ترمیم کی حمایت کریں گے۔ اس سوال پر کہ کیا قومی اتحاد نے ایک سیاسی جماعت کی طرف سے گول میز کانفرنس کے بائیکاٹ کا ۔۔۔ نظریہ تجویز مسترد کی ہے تو مفتی صاحب نے کہا کہ انہوں نے کہا کہ اگر پیپلز پارٹی مجوزہ گول میز کانفرنس کا ۔۔۔ کرے تو ہمیں اس میں شریک ہونا چاہیئے لیکن اگر پیپلز پارٹی شریک ہو تو ہمیں اس کے بائیکاٹ کے بارے میں سوچنا پڑے گا۔ مفتی صاحب نے منا البلاغ ۔۔۔ کے لئے گول میز کانفرنس کے بارے میں کہا کہ ہم اصولی طور پر گول میز کانفرنس کے خلاف نہیں۔

انتخابات سے قبل دستور میں ضروری ترامیم کی جائیں گی

ماہرین متعدد تجاویز کا بھی جائزہ لے رہے ہیں ۔ صدر سیاسی رہنماؤں سے بھی مشورہ کریں گے

آمریت کے سدباب کے لئے صدر اور وزیراعظم کے اختیارات میں توازن پیدا کیا جائے گا

راولپنڈی (۔۔۔) باخبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ آئین میں کئی ترامیم زیر غور ہیں ان میں صدر اور وزیراعظم کے اختیارات میں توازن کے لئے ترامیم بھی شامل ہیں اس سلسلہ میں انتہائی باخبر ذرائع نے بتایا ہے کہ یہ ضروری نہیں کہ ۱۹۷۳ء کے دستور میں صدر اور وزیراعظم کے اختیارات کو اسی طرح قبول کرلیا جائے اس سلسلہ میں کسی ایک تبدیلی کا ضروری خیال کی جارہی ہیں ان تفصیلات پر آئینی امور کے ماہرین آجکل سرگرمی سے مختلف تجاویز کا تجزیہ کررہے ہیں ان ماہرین کا کہنا ہے کہ ۱۹۵۶ء کے دستور میں صدر کو بعض ایسے اختیارات حاصل ہیں جنہیں بروئے کار لاتے ہوئے صدر اسکندر مرزا نے جمہوری حکومت کا خاتمہ کردیا تھا اور اسطرح ملک میں پہلے مارشل لاء کا ابتداء ہوئی تھی ان ماہرین کا کہنا ہے کہ ۷۳ء کے دستور میں وزیراعظم کو آمرانہ اختیارات حاصل ہیں اور دونوں دستور میں عدم توازن کا موجب ہیں چنانچہ جمہوری توازن کو کامیاب بنانے کے لئے انتخابات سے پہلے ان میں تبدیلی ضروری ہے معلوم ہوا ہے کہ ترامیم کو نافذ کرنے سے پہلے صدر مملکت جنرل محمد ضیاء الحق سیاسی جماعتوں کے سربراہوں سے مشورہ کریں گے۔

[illegible]

لاہور ۔۔۔ (نامہ نگار) معلوم ہوا ہے کہ سندھ کے سرحد بلوچستان اور ۔۔۔ میں امیگریشن بیورو نے پاسپورٹ کے ۔۔۔ لے لئے سیاست دانوں ۔۔۔ بیرون ملک جانے کی اجازت ۔۔۔ [illegible]

Please subscribe to the CRESCENT, a Pakistani English/Urdu Newspaper in regular print for the last 8 years.

SUBSCRIPTION RATES:

1 Year ... $8.00 (US Air Mail $10.00)
2 Years ...$14.00 (US Air Mail $17.00)
6 Months ... $5.00 (US Air Mail $6.00)
Anywhere else for 1 Year, By Air Mail $14.00

Crescent کریسنٹ انٹرنیشنل

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
Telephone: [416] 493-4374

Name ....

Address ....

....

Postal Code ....

Telephone No. ....

PLEASE MAKE CHEQUES PAYABLE TO "CRESCENT"

پاکستان نے کھلی مارکیٹ سے خفیہ طور پر ایٹمی توانائی حاصل کرنے کی کوشش کی تھی

"اسلامی بم" چند برسوں تک تیار ہو جائے گا

پاکستان کے ایٹمی اسلحہ حاصل کرنے کے بارے میں امریکی ٹیلیویژن کے الزامات

واشنگٹن ۔۔۔ (پ پ) پاکستان نے امریکی مداخلت کی وجہ سے فرانس سے ری پراسیسنگ پلانٹ حاصل کرنے میں ناکامی کے بعد کھلی مارکیٹ سے خفیہ طور پر ایٹمی توانائی حاصل کرنے کی کوشش کی تھی۔ یہ الزام گزشتہ شب امریکہ کے ۔۔۔ پروگرام میں لگایا گیا ہے۔ اس پروگرام کو ترتیب دینے والے مسٹر والٹر کرونکائٹ نے پروگرام کے آغاز میں ہی یہ کہہ کر حیران کردیا کہ ۔۔۔ سب کو اس وقت سب سے بڑا خطرہ ان ممالک سے ہے جو ایٹمی کلب کے رکن نہیں ہیں اور ایٹمی اسلحہ حاصل کرنے میں مصروف ہیں۔ اس پروگرام میں بحث کا موضوع پاکستان ہی کو بنایا گیا تھا۔ اس پروگرام میں دیگر دو شرکاء ۔۔۔ اور ۔۔۔ نے پاکستان کی طرف سے ۔۔۔ صلاحیت حاصل کرنے کے لئے جو طریق کار اختیار کیا گیا اس کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ ایمسٹرڈم میں تعینات پاکستانی سائنسدان ڈاکٹر عبدالقدیر نے اس سلسلے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ چنانچہ ڈاکٹر عبدالقدیر نے یورینیم کو بہتر بنانے کے لئے گیس پلانٹ بنانے میں رہنمائی حاصل کرلی تھی۔ اور اس کام کے لئے فنڈ لیبیا کے کرنل قذافی نے فراہم کئے تھے۔ بحث کے شرکاء نے بتایا کہ چند برسوں میں یہ بم تیار ہو جائے گا اور اسے "اسلامی بم" کا نام دیا جارہا ہے۔ تفصیلات بتاتے ہوئے مسٹر ۔۔۔ نے بتایا کہ اس مقصد کے لئے پاکستان کے ایجنٹ نے فرانس، سوئٹزرلینڈ، برطانیہ، مغربی جرمنی اور امریکہ کا دورہ کیا اور کیلیفورنیا کی ایک کمپنی سے انورٹرز اور ۔۔۔ مسٹر ۔۔۔ نے خریدے تاہم سرکاری حکام اس کمپنی کا نام نہیں بتانا چاہتے۔ پاکستان کا منصوبہ پہلے بیلجیم کے شہر ۔۔۔ میں قائم کیا گیا تھا جسے بعد میں سکیورٹی کی وجہ سے مغربی جرمنی کے شہر ۔۔۔ کے پاس ایک قصبے کے چھوٹے سے مکان میں رکھا گیا۔ یہ مکان ایک پاکستانی افسر نے رکھا تھا۔ پاکستانیوں نے خریداری کے اس سودے کو خفیہ رکھنے کی انتہائی کوشش کی تھی۔ بعد میں مغربی جرمنی کی "ہیم انڈسٹریز" کے ذریعے مزید انورٹرز کا آرڈر دیا گیا۔ لیکن ہیم انڈسٹریز یہ انورٹرز تیار نہیں کرتی بلکہ وہ برطانیہ کی کمپنی ایمرسن الیکٹرک نے تیار کئے۔ چنانچہ پاکستان کم از کم ۳۰ انورٹرز حاصل کرنے میں کامیاب ہوگیا اور جیٹ پی آئی اے کے ذریعے سوئٹزرلینڈ کے ایک چھوٹے سے ۔۔۔ میں لے جایا گیا جہاں سے وہ فریم والو خریدے گئے۔ مغربی جرمنی نے مزید انکشاف کیا کہ پاکستان نے ۔۔۔ کو بھی کچھ آرڈر دیئے۔ اس کمپنی نے سوئٹزرلینڈ کے خیبر شہر کے پیچھے ۔۔۔ میں اپنا کارخانہ بنا رکھا ہے۔ لندن میں پاکستانیوں کے ان خفیہ دوروں کا پتہ اس وقت چلا جب گزشتہ اگست ۔۔۔

میں دارالعوام میں لیبر پارٹی کے رکن فرینک ایلاؤن نے اس بارے میں سوال اٹھایا۔

ایٹمی توانائی کے سلسلے میں توثیق

صفحہ ۲ پر اداریہ ملاحظہ کیجئے۔

سامانِ تعیش کی درآمد پر پابندی لگائی جائے

بشیر امام

کراچی ۔۔۔ (اسٹاف رپورٹر) تحریک استقلال کے سیکریٹری جنرل مشیر احمد پیش امام نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ملک کی کمزور معاشی حالت کے پیش نظر سامانِ تعیش کی درآمد پر مکمل پابندی عائد کی جائے انہوں نے کہا کہ حکومت کفایت شعاری اور خود انحصاری کی پالیسی اختیار کرے ۔۔۔ ۱۵ جولائی کو لانڈھی میں تحریک کے کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کنونشن کی جانب سے پاکستان کی امداد کم کرنے کے فیصلے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ موجودہ حالت میں ملک کو منتخب حکومت کا قیام ضروری ہے۔